روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 15 ستمبر 2008ء 14 رمضان 1429 ہجری 15 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 212

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

رمض سورج کی تپش کو کہتے ہیں۔ رمضان میں چونکہ انسان اَکل وشُرب اور تمام جسمانی لذتوں پرصبر کرتا ہے۔ دوسرے اللہ تعالیٰ کے احکام کے لئے ایک حرارت اور جوش پیدا کرتا ہے۔ روحانی اور جسمانی حرارت اور تپش مل کر رمضان ہوا۔ اہل لغت جو کہتے ہیں کہ گرمی کے مہینہ میں آیا اس لئے رمضان کہلایا۔ میرے نزدیک یہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ عرب کے لئے یہ خصوصیت نہیں ہوسکتی۔ روحانی رمض سے مراد روحانی ذوق وشوق اور حرارت دینی ہوتی ہے۔ رمض اس حرارت کو بھی کہتے ہیں جس سے پتھر گرم ہوجاتے ہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص136)

پھر تیسری بات جو (-) کا رُکن ہے وہ روزہ ہے۔ روزہ کی حقیقت سے بھی لوگ ناواقف ہیں۔ اصل یہ ہے کہ جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے۔ روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے بلکہ اس کی ایک حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کا منشا اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کو کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزہ دار کو یہ مدنظر رکھنا چاہئے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں ہے کہ بھوکا رہے بلکہ اسے چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تاکہ تبتل اور انقطاع حاصل ہو۔ پس روزے سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے دوسری روٹی کو حاصل کرے جو روح کی تسلی اور سیری کا باعث ہے اور جو لوگ محض خدا کے لئے روزے رکھتے ہیں اور نرے رسم کے طور پر نہیں رکھتے انہیں چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تہلیل میں لگے رہیں جس سے دوسری غذا انہیں مل جاوے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص102)

رمضان میں دعائیں

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

رمضان میں اللہ کا ذکر کرنے والا بخشا جائے گا اور اس ماہ میں دعائیں کرنے والا بے مراد نہیں رہے گا۔

(مجمع الزوائد کتاب الصیام باب فی شہور البرکۃ جلد3 صفحہ 143)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆ مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر

☆ مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن جو آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور میں معائنہ کریں گے

☆ مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ

تینوں ڈاکٹر صاحبان مورخہ 14 ستمبر 2008ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ احباب وخواتین ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب صبح 10:00 بجے کے بعد ایڈمنسٹریشن بلاک میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ زبیدہ بانی ونگ میں معائنہ کریں گی اور پرچی استقبالیہ زبیدہ بانی ونگ سے بن سکے گی۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

نمایاں کامیابی

❁ مکرم ڈاکٹر منصور احمد چوہدری صاحب گلبرگ لاہور سینئر کنسلٹنٹ سرجن سروسز ہسپتال لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میرے چھوٹے بیٹے مکرم سلمان منصور چوہدری صاحب نے بیکن ہاؤس سکول سے کیمبرج یونیورسٹی کا اولیول کا امتحان دیا تھا جس میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انہوں نے 7As اور 3Bs حاصل کرکے نمایاں کامیابی سے یہ امتحان پاس کیا ہے۔ مکرم سلمان چوہدری صاحب مکرم محمد حسین صاحب لاہور کینٹ کے پوتے اور مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب سابق چیف انجینئر لاہور میونسپل کارپوریشن کے نواسے ہیں اور حضرت فضل دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود اور حضرت میاں اکبر علی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود لاہور کی نسل سے ہیں۔ مکرم سلمان چوہدری صاحب نے ایف ایس سی پری میڈیکل کالج میں داخلہ لیا ہے اور مستقبل میں ڈاکٹر بننے کا ارادہ ہے۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ باری تعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے عزیزم کو مستقبل میں مزید کامیابیوں سے ہمکنار کرے، خادم دین بنائے اور اعلیٰ دینی ودنیاوی ترقیات عطا فرمائے۔ آمین

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

نمبر 2

(عہد خلافت کے اہم واقعات۔ سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: مجلس انصار اللہ پاکستان میں کن عہدوں پر کام کیا۔

جواب: قائد صحت جسمانی 1995ء، قائد تعلیم القرآن 1995ء تا 1997ء۔

سوال: حضور انور ناظر اعلیٰ و امیر مقامی کے عہدہ پر کب متمکن ہوئے۔

جواب: 10 دسمبر 1997ء کو۔ آپ تا انتخاب خلافت اس عہدہ پر فائز رہے۔

سوال: صدر مجلس کار پرداز کب مقرر ہوئے۔

جواب: اگست 1998ء میں۔

سوال: قبل از خلافت کن جماعتی عہدوں پر کام کرنے کا موقع ملا۔

جواب: نائب وکیل المال ثانی، ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ، ناظر اعلیٰ و امیر مقامی، صدر مجلس کار پرداز، ناظر ضیافت، ناظر زراعت، چیئرمین ناصر فاؤنڈیشن، صدر تزئین کمیٹی مہتمم صحت جسمانی، مہتمم تجنید، مہتمم مجالس بیرون، قائد صحت جسمانی، قائد تعلیم القرآن، ممبر قضاء بورڈ

سوال: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایک مقدمہ میں اسیر راہ مولیٰ کب رہے۔

جواب: حضور 30 اپریل 1999ء کو اسیر ہوئے اور 10 مئی 1999ء کو رہا ہوئے۔

سوال: خلافت خامسہ کا انتخاب کس تاریخ کو ہوا اور کون خلیفہ بنے۔

جواب: 22 اپریل 2003ء کو بیت الفضل لندن میں نماز مغرب وعشاء کے بعد مجلس انتخاب خلافت کا اجلاس ہوا اور لندن وقت کے مطابق 11:40 بجے رات (پاکستانی وقت کے مطابق 23 اپریل 2003ء کو صبح 3:40 بجے) حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خلیفہ منتخب ہونے کا اعلان ہوا۔

سوال: خلافت خامسہ کا انتخاب کس کی صدارت میں ہوا۔

جواب: محترم چوہدری حمید اللہ صاحب (وکیل اعلیٰ تحریک جدید) کی صدارت میں۔

سوال: حضور انور نے اپنے سب سے پہلے خطاب میں جماعت کو کیا پیغام عطا فرمایا۔

جواب: ''بہت دعائیں کریں۔ بہت دعائیں کریں۔ بہت دعائیں کریں۔''

سوال: حضور انور نے پہلا خطبہ کس تاریخ کو دیا اور کہاں دیا۔

جواب: 25 اپریل 2003ء کو بیت الفضل لندن سے دیا۔

سوال: حضور انور نے اپنے پہلے خطبہ میں کس آیت کی تلاوت کی۔

جواب: سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 187 کی تلاوت کی۔

سوال: حضور انور کے پہلے خطبہ میں اللہ تعالیٰ کی کس صفت کا تذکرہ کیا گیا۔

جواب: صفت مجیب کا۔

سوال: خلافت خامسہ کی خبر کن کن پاکستانی اخباروں نے شائع کی۔

جواب: 1۔ جنگ۔ 2۔ نوائے وقت۔ 3۔ خبریں۔ 4۔ ایکسپریس۔ 5۔ دن۔ 6۔ پاکستان۔ 7۔ Dawn۔ 8۔ The News۔

سوال: حضور انور نے بحیثیت خلیفۃ المسیح پہلا نکاح کب پڑھایا۔

جواب: 27 اپریل 2003ء بروز اتوار۔

سوال: حضور انور نے پہلی چلڈرن کلاس کب لی۔

جواب: 3 مئی 2003ء بروز ہفتہ۔

سوال: حضور انور نے ایم۔ٹی۔اے کے عہدیداروں اور رضا کاروں سے کب ملاقات کی۔

جواب: 4 مئی 2003ء بروز اتوار۔

سوال: حضور انور کے دور کی سب سے پہلی تربیتی کلاس خدام الاحمدیہ پاکستان کب ربوہ میں منعقد ہوئی۔

جواب: 6 تا 19 مئی 2003ء۔

سوال: خلافت کے بعد حضور انور کی تصویر کس جماعتی اخبار میں کب آئی۔

جواب: الفضل 26 مئی 2003ء بروز پیر کے شمارہ میں۔

سوال: خلافت خامسہ کی پہلی مشاورت جرمنی میں کب منعقد ہوئی۔

جواب: 6 تا 8 جون 2003ء۔

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر

نمبر 500

حضرت فاروق اعظمؓ چیف جسٹس کی حیثیت سے

عالمی تاریخ عدلیہ کا ایک حیران کن اور انوکھا واقعہ جس کا تصور کر کے آج بھی انسان حیران و ششدر رہ جاتا ہے از قلم جناب مولانا آزاد سبحانی:۔

حضرت عباسؓ عم رسول کریمؐ کا مکان مسجد نبویؐ سے متصل واقع تھا اور اس کا پرنالہ مسجد میں گرتا تھا۔ بعض اوقات اس میں سے پانی آتا تو نمازیوں کو تکلیف ہوتی۔ حضرت عمرؓ نے اپنے زمانۂ خلافت میں مسجد کے احترام اور نمازیوں کے آرام کی خاطر اس پرنالے کو اُکھڑوا دیا۔ حضرت عباسؓ مالک مکان اتفاق سے اس وقت موجود نہ تھے حضرت عباسؓ باہر سے واپس آئے تو یہ جبر دیکھ کر نہایت برافروختہ ہوئے اور فوراً مفتیٔ شہر کے ہاں خلیفۂ وقت پر دعویٰ دائر کر دیا۔ اس پر حضرت سید الانصار ابی بن کعبؓ نے دنیا کے سب سے بڑے حکمران کے نام فرمان جاری کر دیا کہ آپ کے خلاف عباسؓ بن عبدالمطلب نے مقدمہ دائر کیا ہے اور انصاف چاہا ہے۔ آپ حاضر ہو کر مقدمے کی پیروی کریں۔

کوئی معمولی حاکم یا بادشاہ ہوتا تو اس طلبی کو اپنی سخت توہین سمجھتا۔ مگر عرب وعجم کا شہنشاہ نہایت سادگی کے ساتھ تاریخ مقررہ پر حضرت ابی بن کعبؓ کے مکان پر حاضر ہو گیا۔ اندر آنے کی اجازت بہت دیر میں ملی، کیونکہ حضرت ابی بن کعبؓ نہایت مصروف تھے۔ اتنی دیر حضرت امیر المومنینؓ باہر کھڑے انتظار کرتے رہے۔

مقدمہ پیش ہوا تو پہلے حضرت عمرؓ نے کچھ کہنا چاہا۔ مگر فاضل منصف نے فوراً روک دیا اور فرمایا ''مدعی کا حق ہے کہ پہلے اپنا دعویٰ پیش کرے۔ مہربانی فرما کر آپ خاموش رہیں''۔ بات قاعدہ کی تھی۔ امیر المومنین چپ ہو گئے اور مقدمے کی کارروائی شروع ہوئی۔

حضرت عباسؓ نے بیان دیا ''جناب میرے مکان کا پرنالہ شروع سے مسجد نبوی کی طرف تھا۔ آنحضرتؐ کے زمانے میں بھی یہیں تھا اور حضرت خلیفہ ابوبکر صدیقؓ کے عہد میں بھی اسی جگہ رہا۔ مگر اب امیر المومنینؓ نے اسے اکھاڑ کر پھینک دیا۔ جس سے میرا نقصان بھی ہوا اور مجھے بے حد تکلیف بھی پہنچی، میری عرض ہے کہ مجھ سے انصاف کیا جائے۔

حضرت ابی بن کعبؓ نے فرمایا ''بے شک آپ کا انصاف کیا جائے گا۔ فرمائیے یا امیر المومنین! آپ صفائی میں کیا کہنا چاہتے ہیں''؟ حضرت عمرؓ نے کہا ''پرنالہ بے شک میں نے اکھڑوا دیا اور میں ہی اس کا ذمہ دار ہوں''۔

ابی بن کعب: آپ کو دوسرے کے مکان میں اجازت کے بغیر اس طرح مداخلت بے جا سے اجتناب کرنا چاہئے تھا۔ آپ وجہ بتائیں کہ آپ نے ایسا کیوں کیا؟

حضرت عمرؓ: اے محترم ابوطفیل! پرنالہ میں سے بعض اوقات پانی آتا تو چھینٹیں اڑ کر نمازیوں پر پڑتیں اس لئے لوگوں کی سہولت اور آرام کے لئے میں نے پرنالے کو اکھڑوا دیا اور اس معاملے میں جہاں تک میں سمجھتا ہوں میں نے کوئی ناواجب بات نہیں کی۔

ابی بن کعبؓ: بولیے ابوالفضل! آپ اس کے جواب میں کیا کہنا چاہتے ہیں؟

حضرت عباسؓ: واقعہ یہ ہے کہ حضرت رسول کریمؐ نے میرے لئے خود اپنی مبارک چھڑی سے زمین پر نشانات قائم کئے اور میں نے انہی نشانات پر اپنا مکان بنایا۔ جب مکان بن چکا تو یہ پرنالہ آنحضرت ﷺ نے اپنے حکم سے اس جگہ رکھوایا۔ رسول اللہؐ نے مجھ سے فرمایا کہ میرے کندھوں پر کھڑے ہو جاؤ اور پرنالہ یہاں لگا دو۔ میں نے ادباً انکار کیا، مگر رسول اللہؐ نے بہت اصرار فرمایا۔ چنانچہ رسول اللہؐ نیچے کھڑے ہو گئے اور میں نے رسول اللہؐ کے ارشاد مبارک کی تعمیل کرتے ہوئے رسول اللہؐ کے کندھے پر چڑھ کر یہ پرنالہ یہاں لگا دیا تھا۔ جہاں اسے اب امیر المومنین نے اسے اکھاڑ دیا ہے۔

ابی بن کعبؓ: ابوالفضل! کیا آپ اس واقعہ کا کوئی گواہ پیش کر سکتے ہیں؟

حضرت عباسؓ: ایک دو نہیں بلکہ متعدد گواہ پیش کئے جا سکتے ہیں۔

ابی بن کعبؓ: اچھا لائیے اور ابھی لائیے تا کہ جھگڑے کا فیصلہ ابھی ہو جائے۔

حضرت عباسؓ باہر نکلے تو چند انصاریوں کو تلاش کر کے لائے۔ جنہوں نے شہادت دی کہ ہمارے سامنے آنحضورؐ نے عباسؓ کو اپنے کندھوں پر چڑھا کر پرنالہ نصب کرنے کا حکم دیا تھا۔

گواہی ختم ہوتے ہی دنیا کا سب سے بڑا حکمران جو اب تک آنکھیں نیچے کئے سامنے کھڑا تھا، آگے بڑھا اور حضرت عباسؓ سے کہنے لگا۔ اے ابوالفضل! خدا کے لئے میرا قصور معاف کر دیجیے۔ مجھے ہرگز علم نہ تھا کہ آنحضورؐ نے خود یہ پرنالہ یہاں لگوایا تھا، ورنہ بھول کر بھی مجھ سے یہ فعل سرزد نہ ہوتا۔ بھلا میری کیا مجال تھی کہ آنحضورؐ کے لگوائے ہوئے پرنالہ کو

(باقی صفحہ 11 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم سید شمشاد احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ امریکہ

رمضان المبارک اور قبولیتِ دُعا

رمضان المبارک میں ہر مومن اپنی اپنی طاقت اور استعداد کے مطابق خدا تعالیٰ کو راضی رکھنے اور اس کے احکامات بجا لانے اور عبادات کی ادائیگی میں سرگرم ہے۔

یہ مبارک مہینہ کئی لحاظ سے بڑی اہمیت کا حامل ہے اس میں انسان کو روحانی تربیت ملتی ہے۔ مواسات و ہمدردی کا سبق ملتا ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ صبر کرنے کی تربیت ملتی ہے۔ کیونکہ یہ مہینہ صبر کا مہینہ ہے۔ ارشاد نبوی محمد ﷺ کے مطابق صبر کا اجر جنّت ہے۔ اسی وجہ سے ہمارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا کہ اگر روزہ دار سے کسی ایسے شخص کا واسطہ پڑ جائے جو گالی گلوچ کرے یا لڑائی جھگڑا کرے تو روزہ دار صرف اسے یہ جواب دے کہ میں روزے سے ہوں۔ اُسی طرح جواب دے کر اپنا روزہ خراب نہ کرے۔

آنحضرت ﷺ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اگر روزہ دار روزہ رکھنے کے ساتھ جھوٹ بھی بولے، جھوٹی گواہی بھی دے تو اللہ کو اس کے بھوکا پیاسا رہنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ وہ عبث اپنا وقت ضائع کر رہا ہے۔

جیسا کہ میں نے شروع میں عرض کی ہے کہ رمضان کی وجہ سے ہر مومن عبادات بجا لا رہا ہے اور خدا تعالیٰ کو خوش کرنے اور اس کو راضی کرنے کی کوشش میں لگا ہوا ہے اور اُس سے دعائیں مانگ رہا ہے۔ مناسب ہے کہ رمضان سے جو دعاؤں کا تعلق ہے وہ بیان کیا جائے اور دعائیں کرنے کے طریقے لکھے جائیں۔ قبولیتِ دعا کے اوقات کی نشاندہی کی جائے۔

قبولیتِ دُعا

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں سورۃ بقرہ میں جہاں روزوں کا ذکر فرمایا ہے۔ وہاں روزوں کے احکام کے درمیان میں آیت 187 میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔ اور جب میرے بندے تجھ سے میرے متعلق سوال کریں تو یقیناً میں قریب ہوں میں دُعا کرنے والے کی دُعا کا جواب دیتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔ چاہئے کہ وہ بھی میری بات پر لبیک کہیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

قرآن کریم کی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو اس بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے بہت قریب ہے۔ جس طرح ایک دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ انسان کی رگِ جان سے بھی بہت قریب ہے۔

اللہ تعالیٰ کے قرب کی ایک نشانی یہ ہے کہ وہ اپنے ''عباد'' کی یعنی اپنے بندوں کی دُعائیں سنتا اور جواب دیتا ہے۔ یہی بات دین حق کو دوسرے مذاہب سے ممتاز کرتی ہے کہ دین حق کا خدا ایک زندہ خدا ہے اور وہ اپنے بندوں کی دعائیں سنتا اور ان کا جواب دیتا ہے۔

اسی آیتِ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے قبولیتِ دُعا کی چند شرائط بیان کی ہیں کہ اُن بندوں کی دعائیں سنتا ہے جو عبادی ہوں خدا کے بندے ہوں، شیطان کے بندے نہ ہوں، یعنی جو خدا کی پوری پوری اطاعت اور کامل فرمانبرداری کرتے ہوں۔

انی قریب میں نزدیک ہوں، کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ جسمانی طور پر اللہ تعالیٰ نزدیک ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ رمضان میں جب انسان خدا کی خاطر روزے رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی روح کو پاک وصاف کرتا اور اس پر اپنے فضلوں کی بارش نازل کرتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو پہلے سے زیادہ حاصل کرتا ہے۔ انی قریب یعنی روحانی طور پر انسان خدا کے فضلوں کو حاصل کر لیتا ہے۔ اللہ تو ہر ایک کا خدا ہے، ہر ایک کا مالک اور ہر ایک کا رازق ہے۔ وہ ہر ایک کی سنتا ہے لیکن وہ ان کی زیادہ سنتا ہے جو اس کے ہو جاتے ہیں یا اس کے بن جاتے ہیں بہ نسبت ان کے جو اس کے باغی ہیں۔ پس چاہیے کہ اللہ کے بندے بنیں اور فلیستجیبوالی کی شرط کو پورا کریں۔

رمضان کا مہینہ قبولیتِ دُعا کا مہینہ ہے

حضرت عمرؓ نبی کریم ﷺ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا رمضان میں اللہ کا ذکر کرنے والا بخشا جاتا ہے۔ اور اس ماہ میں اللہ سے مانگنے والا کبھی نامراد نہیں رہتا۔

قبولیتِ دُعا کے طریقے

1۔ پہلا طریق جو قرآن کریم نے بیان کیا ہے جس سے قبولیت دُعا ہوگی۔ وہ یہ ہے کہ فلیستجیبوالی تم میری ہر بات مانا کرو یعنی اپنی تمام حرکات وسکنات شریعت کے مطابق اور شریعت کے ماتحت لے آؤ پھر تمہاری دُعائیں قبولیت میں بڑھ جائیں گی۔

2) ولیومنوابی اگر میرے بندے دُعا قبول کرانا چاہتے ہیں تو مجھ پر ایمان لے آئیں۔ یعنی اس بات پر کامل یقین رکھیں کہ خدا تعالیٰ دُعائیں قبول کرتا ہے۔ اگر انسان زبان سے تو دُعا کرے مگر دل میں قبولیتِ دُعا اور خدا پر یقین نہیں تو دُعا قبول نہ ہوگی۔

3) جب کوئی اہم معاملہ پیش ہو تو اس وقت کسی انسان کے دکھ اور تکلیف کو دور کر دو۔ کیونکہ جو خدا کے بندوں پر رحم کرتا ہے خدا اس پر رحم کرتا ہے۔ اور اس کی دُعاؤں کو قبول فرماتا ہے۔ اس لئے صدقہ دینا، غرباء کی خدمت کرنا بہت بہتر ہے۔ بلکہ آنحضرت ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے۔ الصدقة تُطفئ غضب الرب کہ صدقہ خدا کے غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ اس لئے قبولیتِ دُعا کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ انسان دوسروں کی حاجت روائی کرے اور یہ بھی پوشیدہ ہو۔ دکھاوا اور احسان جتانا نہ ہو۔

4) خدا تعالیٰ کے حضور اپنا مدعا بیان کرنے سے پہلے یعنی جس امر کے لئے دعا کرنا ضروری ہے اس سے قبل اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرے مثلاً سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم کا ورد کرے۔ اور پھر اللہ تعالیٰ کی ان صفات کو بیان کرے جس طرح کا مقصد ہے۔ مثلاً اگر گناہ بخشوانا ہے تو یا جبار کی صفت کو بیان نہ کرے۔ بلکہ یا غفار، یا غفور کی صفات کا واسطہ دے۔

5) پھر بعد حمد وثناء کے آنحضرت ﷺ پر درود بھیجے۔ حدیث کی مشہور کتاب ابوداؤد کتاب الصلوۃ باب الدعا میں یہ واقعہ درج ہے۔ کہ آنحضرت محمد ﷺ نے ایک شخص کو نماز میں دعا کرتے ہوئے سنا۔ نہ اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی اور نہ ہی آنحضرت ﷺ پر درود بھیجا اس پر آپ ﷺ نے فرمایا اس نے جلد بازی سے کام لیا اور صحیح طریق سے دُعا نہیں کی۔ آپؐ نے اُس شخص کو بلایا اور فرمایا جب تم میں سے کوئی نماز میں دُعا کرنے لگے تو پہلے اپنے رب کی حمد وثناء کرے پھر نبی کریم ﷺ پر درود بھیجے اس کے بعد حسبِ منشاء دعا کرے۔

حضرت انسؓ سے بھی آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ ہر دُعا رکی رہتی ہے یہاں تک کہ آنحضرت ﷺ پر درود بھیجا جائے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بھی آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد مروی ہے کہ تمہارا مجھ پر درود پڑھنا تمہاری دُعاؤں کی حفاظت کرنے والا ہے۔ تمہارے رب کی رضا کا باعث ہے۔

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ دُعا آسمان اور زمین کے درمیان معلق رہتی ہے اوپر نہیں چڑھتی یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ پر درود پڑھا جائے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ جب تو دُعا مانگا کرے تو اپنی دُعا میں رسول اللہ ﷺ پر درود بھی شامل کر لیا کر۔ اسلئے کہ آنحضرت ﷺ پر درود تو مقبول ہی ہے اور اللہ جل شانہ کے کرم سے یہ بعید ہے کہ وہ کچھ قبول کرے اور کچھ رد کر دے۔

پس جو شخص قبولیتِ دُعا چاہتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی سبحانیت کا اقرار کرے، حمد وثناء اور اس کی تمجید کرے، آنحضرت ﷺ پر درود پڑھے اور پھر اپنا مقصد اور مدعا بیان کرے۔

جو حدیث عاجز نے اوپر بیان کی ہے اس سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ انسان نماز میں بھی کثرت کے ساتھ دُعا کرے۔

نماز میں کن مواقع پر دعا ہو سکتی ہے

اگر وہ اکیلے نماز پڑھ رہا ہے تو سورۃ فاتحہ کثرت سے بار بار پڑھے۔ ایاک نعبد وایاک نستعین کی تکرار کرے۔ پھر رکوع میں سبحان ربی العظیم تین یا پانچ یا سات دفعہ دوہرانے کے بعد اللہ کی حمد وثناء اور درود شریف پڑھے اور اپنی زبان میں دعا کرے۔ اسی طرح سجدہ میں بھی سبحان ربی الاعلیٰ کے بعد حمد وثناء اور درود شریف اور پھر اپنی زبان میں دُعا مانگ سکتا ہے بلکہ مانگنی چاہئے۔ کیونکہ اوپر بیان کی گئی حدیث سے یہی بات ثابت ہوتی ہے۔

بعض لوگ نماز تو جلدی جلدی پڑھ لیتے ہیں اور پھر بعد میں لمبی لمبی دُعائیں کرنے لگ جاتے ہیں۔ حالانکہ دُعا کا بہترین وقت نماز ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا انسان اپنے رب سے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ سجدے میں ہوتا ہے۔ اس لئے سجدہ میں بہت دُعا کیا کرو۔

ایک بات یاد رکھنی چاہئے کہ رکوع اور سجدہ میں قرآنی دُعائیں نہ پڑھی جائیں۔

پس نماز پوری تسلی سے ٹھہر ٹھہر کر آہستہ آہستہ پڑھنی چاہئے اور رکوع وسجود میں کثرت سے دُعا مانگنی چاہئے۔ اپنی زبان میں بھی دعائیں مانگنی چاہئیں اس سے رقت اور حضور قلب پیدا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی سب کو توفیق دے۔

اس ضمن میں حضرت مسیح موعود کا ایک اقتباس پیش خدمت ہے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

''نماز کے اندر اپنی زبان میں دُعا مانگنی چاہئے۔ کیونکہ اپنی زبان میں دُعا مانگنے سے پورا جوش پیدا ہوتا ہے۔ سورۃ فاتحہ خدا تعالیٰ کا کلام ہے۔ وہ اسی طرح عربی زبان میں پڑھنا چاہئے اور قرآن شریف کا حصہ جو اس کے بعد پڑھا جاتا ہے وہ بھی عربی زبان میں ہی پڑھنا چاہئے اور اس کے بعد مقررہ دُعائیں اور تسبیح بھی اسی طرح عربی زبان میں پڑھنی چاہئیں لیکن ان سب کا ترجمہ سیکھ لینا چاہئے اور ان کے علاوہ پھر اپنی زبان میں دُعائیں مانگنی چاہئیں تا کہ حضور دل پیدا ہو جاوے۔ کیونکہ جس نماز میں حضورِ دل نہیں وہ نماز نہیں آج کل لوگوں کی عادت ہے کہ نماز تو ٹھونگے دار پڑھ لیتے ہیں۔ جلدی جلدی نماز کو ادا کر لیتے ہیں جیسا کہ کوئی بیگار ہوتی ہے۔ پھر پیچھے سے لمبی لمبی دعائیں مانگنا شروع کرتے ہیں۔ ...نادان لوگ نماز کو ٹیکس جانتے ہیں اور دُعا کو اس سے علیحدہ کرتے ہیں نماز خود

دُعا ہے۔ دین و دنیا کی تمام مشکلات کے واسطے اور ہر ایک مصیبت کے وقت اِنسان کو نماز کے اندر دُعائیں مانگنی چاہئیں۔ نماز کے اندر ہر موقعہ پر دُعا کی جا سکتی ہے۔ رکوع میں بعد تسبیح، سجدہ میں بعد تسبیح، التحیات کے بعد کھڑے ہو کر رکوع کے بعد بہت دُعائیں کرو تا کہ مالا مال ہو جاوے۔ چاہئے کہ دُعا کے واسطے روح پانی کی طرح بہہ جاوے۔ ایسی دُعا دِل کو پاک و صاف کر دیتی ہے۔ یہ دُعا میسر آوے تو پھر خواہ اِنسان چار پہر تک دُعا میں کھڑا رہے۔ گناہوں کی گرفتاری سے بچنے کے واسطے اللہ تعالیٰ کے حضور میں دُعائیں مانگنی چاہئیں۔

دُعا ایک علاج ہے جس سے گناہ کی زہر دور ہو جاتی ہے۔ بعض نادان لوگ خیال کرتے ہیں کہ اپنی زبان میں دُعا مانگنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ یہ غلط خیال ہے۔ ایسے لوگوں کی نماز تو خود ہی ٹوٹی ہوئی ہے۔'' (ملفوظات جلد نمبر 9 صفحہ 54)

6) قبولیتِ دُعا کے لئے چھٹا طریق یہ ہے کہ دُعا کرنے سے قبل اپنے کپڑوں اور بدن کو صاف کر لو۔ دین نے تمام عبادتوں کے لئے صفائی کو شرط قرار دیا ہے۔

7) ایک طریق یہ ہے کہ کسی خاص معاملہ میں دُعا سے پہلے اِنسان ایسی دُعائیں کرے جن کو اللہ تعالیٰ نے قبول ہی کرنا ہے۔ مثلاً دین کی برتری اور غلبہ کے لئے خدا تعالیٰ کے جلال اور قدرت کے اظہار کے لئے، پھر بعد اس کے اپنی حاجت بیان کرے۔

(قبولیت دعا کے طریق، از حضرت مصلح موعود)

بہر حال یہ چند باتیں آپ کے سامنے رکھی ہیں تا کہ رمضان المبارک میں آپ ان سے استفادہ کر سکیں۔

قبولیتِ دُعا کے اوقات

اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت وسیع ہے وہ اپنے بندوں کی ہر وقت سنتا ہے، صرف سنانے والا اور مانگنے والا چاہئے۔ رمضان المبارک میں اس کی رحمت اور قبولیتِ دُعا کے دروازے زیادہ وا ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ یہ بات بھی فائدہ سے خالی نہ ہو گی کہ ان اوقات کی نشاندہی کر دی جائے جن میں دُعائیں قبولیت کا شرف پاتی ہیں۔

1) **تہجد یا قیام لیل:** دُعا کی قبولیت کے لئے سب سے اہم وقت تہجد کا وقت ہے۔ آدھی رات گزرنے کے بعد جب انسان خدا تعالیٰ کے حضور روئے، گڑ گڑائے، دُعا کرے تو خدا تعالیٰ اس کی سنتا ہے۔ حدیث کے الفاظ درج کرتا ہوں۔

ترمذی کتاب الدعوات میں حضرت ابو ھریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں۔ ہمارا رب ہر رات قریبی آسمان تک نزول فرماتا ہے۔ جب رات کا تیسرا حصہ باقی رہ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کون ہے جو مجھے پکارے تو میں اس کو جواب دوں، کون ہے جو مجھ سے مانگے تو میں اس کو دوں، کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے تو میں اس کو بخش دوں۔

یہی وجہ ہے کہ ہمارے پیارے آقا محمد ﷺ تہجد کی بڑی لمبی نماز پڑھا کرتے تھے۔ قیام اتنا لمبا ہوتا تھا کہ آپ ﷺ کے پاؤں متورم ہو جاتے۔ آپ ﷺ کا قیام، آپؐ کا رکوع، آپؐ کے سجود سب لمبے ہوتے۔ آپ امت کے لئے دُعاؤں میں مصروف رہتے۔

اگرچہ لوگ نماز تراویح میں شامل ہوتے ہیں۔ پھر بھی تہجد کے وقت اٹھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اصل وقت دُعاؤں کا اور قبولیتِ دُعا کا تہجد کا وقت ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''ہماری جماعت کو چاہئے کہ وہ تہجد کی نماز کو لازم کر لیں جو زیادہ نہیں وہ دو ہی رکعت پڑھ لے کیونکہ اس کو دُعا کرنے کا موقعہ بہر حال مل جائے گا۔ اس وقت کی دُعاؤں میں ایک خاص تاثیر ہوتی ہے کیونکہ وہ سچے درد اور جوش سے نکلتی ہیں۔''

(ملفوظات جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 245)

2) **قبولیتِ دُعا** کا ایک اور وقت رمضان المبارک میں اس حدیث نبوی ﷺ میں درج ہے۔ آپ نے فرمایا: آنحضرت ﷺ نے فرمایا، روزہ دار کے لئے اس کی افطاری کے وقت کی دُعا رد نہیں کی جاتی۔ (ابن ماجہ)

روزہ افطار کرنے سے قبل کا وقت قبولیت دُعا کا بہترین وقت ہے۔ اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے اور وہ اس طرح کہ دس پندرہ منٹ قبل از افطار انسان تنہائی میں بیٹھ کر خدا کے حضور روئے، گڑ گڑائے، دُعا کرے۔ لیکن اکثر اوقات یہی وقت گپوں میں اور فضول باتوں میں ضائع کر دیا جاتا ہے۔ اس وقت کی قدر کریں۔ خود بھی دعائیں کریں۔ اپنے ساتھیوں کو، اپنے بھائیوں کو اور دوستوں کو، اپنی مستورات کو اور اپنے بچوں کو اس طرف توجہ دلائیں۔ اس سے ان کا خدا سے تعلق بھی مضبوط ہو گا، روحانیت بڑھے گی، خدا پر یقین میں بھی اضافہ ہو گا اور دُعائیں بھی مقبول ہوں گی۔

؎ اے آزمانے والے یہ نسخہ بھی آزما

3) ایک اور وقت جو قبولیت دُعا کا وقت ہے۔ وہ بیوت سے تعلق رکھتا ہے۔ لوگ خدا تعالیٰ کے فضل سے رمضان میں کثرت سے بیوت میں جاتے ہیں۔ یہ طریق رمضان کے بعد بھی جاری رہنا چاہئے۔

حدیث شریف میں آتا ہے۔

کہ نداء اور اقامت کے درمیان کی جانے والی دُعائیں رد نہیں ہوتیں۔ یعنی جب آپ بیت میں ہوں اور نداء ہو جائے اس وقت سے لے کر جب تک اقامت کہی جائے دُعاؤں کی قبولیت کا وقت ہے۔ اس وقت سے بھی پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔

قبولیتِ دُعا کا وقت رمضان میں بھی ہے اور رمضان گزرنے کے بعد بھی۔ اس دوران ایک انسان نفل پڑھ سکتا ہے۔ ذکرِ الٰہی کر سکتا ہے۔ تلاوت قرآن کریم کر سکتا ہے۔

4) ابن ماجہ کی ایک روایت میں حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا تین اشخاص کی دُعا کبھی رد نہیں کی جاتی۔ ایک امام عادل کی دُعا۔ دوسرے روزہ دار کی دُعا یہاں تک کہ وہ افطار کرے۔ اور تیسرے مظلوم کی دُعا۔

پھر ایک اور حدیث میں حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ تین اشخاص کی دُعائیں عند اللہ شرفِ قبولیت کا درجہ پاتی ہیں۔ والدین کی اولاد کے حق میں دُعا۔ روزہ دار کی دُعا۔ مسافر کی دُعا۔

ہر دو احادیث میں روزہ دار کی دُعا بھی شرفِ قبولیت پاتی ہے۔ اسی لئے حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ روزہ کے دوران لغو باتیں نہ کی جائیں۔ جھوٹ نہ بولا جائے۔ گالی گلوچ نہ کی جائے۔ بے ایمانی نہ کی جائے تا کہ روزہ کا تقدس قائم رہے اور روزہ دار کی دُعا شرف قبولیت کا درجہ پائے۔

5) **جمعہ کا دن اور قبولیتِ دُعا:** حدیث میں آتا ہے اور حضرت ابو ھریرہؓ اس کے راوی ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے جمعہ کا ذکر کیا اور فرمایا اس میں ایک ایسی گھڑی آتی ہے کہ جب مسلمان کو ایسی گھڑی ملے اور وہ کھڑا نماز پڑھ رہا ہو تو جو دُعا مانگے وہ قبول کی جاتی ہے۔ آپ ﷺ نے ہاتھ کے اشارے سے بتایا کہ یہ گھڑی بہت ہی مختصر ہوتی ہے۔

پس جمعہ کا دن بھی بہت مبارک، اہم اور قبولیتِ دُعا کا دن ہے۔ اسی لئے جمعہ کے دن کثرت سے دُعائیں کی جائیں۔ خصوصاً جمعہ کی ادائیگی کے وقت بلکہ سارا دن ذکر الٰہی اور درود شریف پڑھنے میں گزارنا چاہئے۔ کیونکہ ایک حدیث میں یہ بھی آتا ہے کہ حضرت اوس بن اوس بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا دِنوں میں سے بہترین دِن جمعہ کا دن ہے اس دِن مجھ پر بہت زیادہ درود بھیجا کرو کیونکہ اس دن تمہارا یہ درود میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔

دُعا کیوں قبول نہیں ہوتی؟

ایک دفعہ کسی شخص نے حضرت ابراہیم ادھم سے پوچھا کہ کیا سبب ہے کہ ہم خدا کو پکارتے ہیں اور وہ ہماری دُعا کو قبول نہیں کرتا۔

ابراہیم بن ادھم نے فرمایا۔ اس لئے کہ خدا تعالیٰ کو جانتے ہو مگر اس کی عبادت نہیں کرتے۔ اور اس کے رسول برحق کو پہچانتے ہو مگر اس کی سنت کی پیروی نہیں کرتے۔ اور قرآن پڑھتے ہو مگر اس پر عمل نہیں کرتے اور حق تعالیٰ کی نعمت کھاتے ہو مگر اس کا شکر ادا نہیں کرتے۔ اور جانتے ہو کہ بہشت مطیع اور فرمانبردار لوگوں کے لئے آراستہ ہے اور باوجود اس کے اس کی طلب نہیں کرتے۔ اور جانتے ہو کہ دوزخ گناہ گاروں کے لئے آہنی زنجیروں سے آراستہ کیا گیا ہے اور پھر اس سے نہیں بھاگتے اور جانتے ہو کہ شیطان ہمارا دشمن ہے مگر اس کے ساتھ عداوت کی بجائے موافقت رکھتے ہو۔ اور جانتے ہو کہ موت ضرور آئے گی لیکن موت کا سامان نہیں کرتے اور ماں، باپ فرزندوں کو خاک میں دفن کرتے ہو مگر عبرت حاصل نہیں کرتے اور اپنے عیبوں سے تو باز نہیں رہتے اور دوسروں کی عیب جوئی میں مشغول رہتے ہو۔ پس جس آدمی کا یہ حال ہو اس کی دعا کیوں کر قبول ہو سکتی ہے؟

(کتاب حکایات صوفیہ)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''مبارک وہ قیدی جو دُعا کرتے ہیں تھکتے نہیں کیونکہ ایک دِن رہائی پائیں گے۔ مبارک وہ اندھے جو دُعاؤں میں سُست نہیں ہوتے کیونکہ ایک دِن دیکھنے لگیں گے، مبارک وہ جو قبروں میں پڑے ہوئے دُعاؤں کے ساتھ خدا کی مدد چاہتے ہیں کیونکہ ایک دِن قبروں سے باہر نکالے جائیں گے۔ مبارک تم جبکہ دُعا کرنے میں کبھی ماندہ نہیں ہوتے اور تمہاری روح دُعا کے لئے پگھلتی اور تمہاری آنکھ آنسو بہاتی اور تمہارے سینہ میں ایک آگ پیدا کر دیتی ہے اور تمہیں تنہائی کا ذوق اٹھانے کے لئے اندھیری کوٹھڑیوں اور سنسان جنگلوں میں لے جاتی ہے اور تمہیں بیتاب اور دیوانہ اور از خود رفتہ بنا دیتی ہے۔ کیونکہ آخر تم پر فضل کیا جاوے گا۔ وہ خدا جس کی طرف ہم بلاتے ہیں نہایت کریم و رحیم، حیا والا، صادق وفادار، عاجزوں پر رحم کرنے والا ہے۔ پس تم بھی وفادار بن جاؤ اور پورے صدق اور وفا سے دعا کرو۔ کہ وہ تم پر رحم فرمائے گا۔ دنیا کے شور و غوغا سے الگ ہو جاؤ۔ اور نفسانی جھگڑوں کا دین کو رنگ مت دو۔ خدا کے لئے ہار اختیار کر لو اور شکست کو قبول کر لو تا بڑی بڑی فتحوں کے تم وارث بن جاؤ۔ دُعا کرنے والوں کو خدا معجزہ دکھائے گا۔ اور مانگنے والوں کو ایک خارق عادت نعمت دی جائے گی۔ دُعا خدا سے آتی ہے اور خدا کی طرف ہی جاتی ہے۔ دُعا سے خدا ایسا نزدیک ہو جاتا ہے جیسا کہ تمہاری جان تم سے نزدیک ہے۔ دُعا کی پہلی نعمت یہ ہے کہ انسان میں پاک تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔ غرض دُعا وہ اکسیر ہے جو ایک مشتِ خاک کو کیمیا کر دیتی ہے اور وہ ایک پانی ہے جو اندرونی غلاظتوں کو دھو دیتا ہے۔ اس دُعا کے ساتھ روح پگھلتی ہے اور پانی کی طرح بہہ کر آستانہ حضرت احدیت پر گرتی ہے۔''

(لیکچر سیالکوٹ، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 222)

اللہ تعالیٰ کا ایک نام الصبور بھی ہے

حضرت میر محمد اسماعیل صاحب کے مضامین کی جلد اوّل سے ایک نکتہ معرفت لکھتا ہوں۔ ''ایک دن ایک دوست سے کہہ رہا تھا کہ، انسان کی فطرت ایسی ہے کہ اگر کوئی سائل یا حاجت مند بار بار اس کے پاس آتا ہے تو وہ بیزار ہو جاتا ہے۔ حتی کہ تنگ ہو کر یہاں تک کہہ دیتا ہے کہ بھائی تو نے تو میرا ناک میں دم کر دیا اور مانگنے چلے آئے۔'' ایسے فقرے تو وہ چند ہی روز کے بعد کہنے لگتا ہے۔ لیکن اگر خدانخواستہ وہ سائل کچھ دن برابر آتا رہے۔ اور اس بات کی کچھ پروا نہ کرے۔ تو پھر بعض اوقات سخت کلامی اور لڑنے تک کی

(باقی صفحہ 6 پر)

تعارف کتب

حیات ناصر

سوانح حضرت میر ناصر نواب صاحب رفیق حضرت مسیح موعود

مؤلف: حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب
ناشر: عبدالمنان کوثر صاحب
زیر اہتمام: مجلس انصاراللہ پاکستان
صفحات: 90

حضرت مسیح موعودؑ کو اللہ تعالیٰ نے رفقاء کا ایک ایسا گروہ عطا فرمایا تھا جو براہ راست اس پیارے اور مطہر وجود سے فیضیاب ہوتے رہے اور بعد ازاں یہ گروہ رجال اپنے کردار و افکار سے دوسرے لوگوں کی راہنمائی اور ہدایت کا موجب بنتا رہا۔ انہی میں سے ایک اعلیٰ پائے کی شخصیت حضرت میر ناصر نواب صاحب ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو بے کل عزت و عظمت دی۔ ان کو حضرت مسیح موعود کے ساتھ صہری ابوت کا فخر حاصل ہوا۔ حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب نے اس محسن اور واجب الاحترام بزرگ رفیق کی سوانح حیات مرتب کی جس میں حضرت میر ناصر نواب صاحب سسر محترم حضرت مسیح موعود کے سوانح اور حالات کا نقشہ کسی قدر کھینچا گیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں مصنف نے نہایت محنت سے بعض ایسے واقعات بھی تحریر کئے ہیں جو صرف ایک انتہائی قریب رہنے والے شخص کی طرف سے ہی بیان کئے جاسکتے ہیں۔

حضرت میر ناصر نواب صاحب کی زندگی، سلسلہ کی خدمت کے لئے قربانی، جفاکشی اور ہر قسم کی محنت و صعوبت برداشت کرنے کے لئے ہمیں تحریک کرتی ہے۔ حضرت میر صاحب کی زندگی میں ان کے توکل اور الٰہی دستگیری کے نادر کرشمے نظر آتے ہیں۔ کس طرح انہوں نے خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے ایثار نفس اور قربانی سے کام لیا اور حضرت مسیح موعود کے ساتھ تعلق و رشتہ نے انہیں کس طرح زندہ جاوید بنا دیا۔

زیر نظر کتاب میں زیادہ تر واقعات اور حصوں کو محترم میر صاحب کی زبانی ہی بیان کیا گیا ہے۔

حضرت میر صاحب لکھتے ہیں:

میں خواجہ میر درد صاحب کے گھرانے میں پیدا ہوا کوئی فکر و اندیشہ دامنگیر نہ تھا۔ میرے والد ماجد کسی کام کے لئے بنارس تشریف لے گئے اور ہیضہ سے آپ کا انتقال ہوگیا اور میں مع اپنی دو ہمشیرگان کے یتیم رہ گیا۔ سامان معیشت بظاہر کچھ نہ تھا فقط اللہ ہی کا آسرا تھا۔ پھر نانا صاحب نے ہماری کفالت اختیار کی اور ماموں صاحب نے ہم سب کا بوجھ اٹھایا اللہ تعالیٰ انہیں جنت نصیب کرے۔

اس وقت میری عمر 12 سال کی ہو چکی تھی۔ اس وقت میری والدہ عالی حوصلہ نے میری بہتری اور تعلیم کے لئے مجھے میرے ماموں میر ناصر حسین صاحب کے پاس پنجاب مادھوپور ضلع گورداسپور بھجوادیا۔

میری عمر اس وقت سولہ سال ہوگی جب میری دانا ماں نے میری شادی ایک شریف اور سادات خاندان میں کردی۔ اس باعث سے میں بہت سی بلاؤں اور ابتلاؤں سے محفوظ رہا۔ اس بابرکت بیوی نے مجھے بہت ہی آرام دیا اور نہایت وفاداری سے میرے ساتھ اوقات بسر کی۔ شادی کے 3 سال بعد اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک بیٹی عطا فرمائی جس کو اللہ تعالیٰ نے عالیشان رتبہ دیا۔

حضرت میر صاحب فرماتے ہیں:۔

میں سٹھیالی اور کاہنوان میں ایک مدت تک ملازم رہا۔ چند سال کے بعد کچھ عرصہ قادیان میں رہنے کا بھی مجھے اتفاق ہوا اور حضرت مسیح موعود سے بذریعہ ان کے بڑے بھائی مرزا غلام قادر صاحب، جو میرے ماموں کے واقف تھے، سے ملاقات ہوئی۔

چند سال کے بعد مجھے خبر ملی کہ براہین احمدیہ مرزا صاحب نے چھپوا کر شائع فرمادی ہے۔ بندہ نے بھی ایک نسخہ خریدا۔ عاجز نے چند امور کے لئے حضرت مرزا صاحب سے دعا منگوانے کے لئے خط لکھا جن میں سے ایک امر یہ بھی تھا کہ دعا کرو مجھے خدا تعالیٰ نیک اور صالح داماد عطا فرمائے۔

اس کے جواب میں حضرت مرزا صاحب نے تحریر فرمایا کہ میرا تعلق میری بیوی سے گویا نہ ہونے کے برابر ہے اور میں نکاح کرنا چاہتا ہوں مجھے خدا تعالیٰ نے بتایا ہے کہ جیسا تمہارا عمدہ خاندان ہے ایسا ہی تم کو سادات کے عالیشان خاندان میں سے زوجہ عطا کروں گا پہلے تو میں نے کچھ تامل کیا۔ پھر حضرت مرزا صاحب کی نیکی اور نیک مزاجی پر نظر کرکے جس کا میں دل سے خواہاں تھا میں نے اپنے دل میں مقرر کرلیا کہ اس نیک مرد سے میں اپنی دختر نیک اختر کا رشتہ کروں گا۔ آخر کار 1885ء میں میں نے حضرت مرزا صاحب کو بلا بھیجا اور خواجہ میر درد صاحب کی مسجد میں اپنی دختر نیک اختر کا حضرت مرزا صاحب سے گیارہ سو روپیہ مہر کے بدلے نکاح کردیا۔ نکاح کا خطبہ مولوی نذیر حسین محدث دہلوی نے پڑھا۔ بعض رشتے داروں نے گالیاں بھی دیں اور بعض تو دانت پیستے رہ گئے۔

لدھیانہ سے ایک دفعہ میری تبدیلی پٹیالہ میں ہوئی وہاں سے میں بتقریب جلسہ جو پہلی دفعہ قادیان میں منعقد ہوا تھا گیا۔ اس مرتبہ حضرت صاحب کی سچائی مجھ پر کھلی اور میں نے حضرت مرزا صاحب کو امام اور مسیح تسلیم کرکے ان کی بیعت کرلی۔

حضرت میر ناصر نواب صاحب کی یہ آٹو بایوگرافی کا خلاصہ ہے۔ حضرت میر صاحب نے اپنے واقعات زندگی کی کہانی کو اپنی زبانی جس شان سے بیان کیا ہے وہ مؤثر اور قابل قدر ہے اور کتاب زیر تبصرہ کو چار چاند لگانے کے مترادف ہے۔

19 ستمبر 1924ء بروز جمعہ کو نو بجے دن حضرت میر صاحب کی وفات ہوئی اور نماز جمعہ باغ میں ایک مجمع کثیر کے ساتھ جناب مولوی شیر علی صاحب نے آپ کی نماز جنازہ قادیان میں پڑھی اسی روز بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی۔ بوقت وفات محترم میر صاحب کی عمر 79 سال تھی۔

1924ء میں جبکہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی لندن گئے ہوئے تھے۔ حضرت صاحب کو لندن بذریعہ تار اطلاع ہوئی حضرت خلیفۃ المسیح نے لندن میں جمعہ کے روز آپ کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

اس کتاب میں حضرت میر صاحب کا منظوم کلام بھی شامل ہے اور آخر پر بھی مناجات ناصر کے عنوان سے ایک نظم لکھی گئی ہے۔ کتاب کے آخر پر اشاریہ بھی شامل کیا گیا ہے جس سے قارئین کے لئے مزید آسانی میسر آتی ہے۔ احادیث، اسماء اور مقامات کا بھی تذکرہ کردیا گیا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کے لکھنے والے مرتب کرنے والے شخص کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ ہمیں اس عظیم بزرگ کی نیکیوں کو اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین (ٹی ایم عادل)

مکرم احمد جواد مخدوم صاحب بھیروی

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی کا تاریخی فقرہ

ہنوز دلی دور است

ہنوز دلی دور است کا اردو ترجمہ ہے۔ ابھی دلی بہت دور ہے۔

یہ محاورہ یا عارفانہ فقرہ اس وقت بولا جاتا ہے جب منزل مقصود بہت دور نظر آرہی ہو اور اس کی تیاری یا سدباب بہت پہلے کرنا شروع کردیا جائے۔

یہ تاریخی اور عارفانہ کلام حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی سے منسوب ہے۔ آپ دہلی میں پیدا ہوئے اور دہلی کے علماء سے ظاہری علوم کی تحصیل کے بعد باطنی علوم کی تعلیم کے لئے حضرت بابا فریدالدین گنج شکر بخشؒ کے پاس اجودھن (موجودہ پاکپتن) چلے گئے۔ ان سے علوم باطنی اور فرقہ خلافت حاصل کرکے ان کے فرمان کے مطابق دہلی میں ہی تاحیات رشد و ہدایت کا فریضہ سرانجام دیتے رہے۔ دہلی میں ہی وصال ہوا اور وہیں مدفون ہوئے۔ حضرت مسیح موعود حضرت خواجہ نظام الدینؒ اولیاء دہلوی کی مساعی جمیلہ کے بارے میں فرماتے ہیں۔ ان تمام بزرگوں کی جو دہلی میں مدفون ہیں کرامت ظاہر ہے کہ ایسی سخت سرزمین نے ان کو قبول کیا۔ (ملفوظات جلد4 ص 491)

حضرت خواجہ صاحب کے درج بالا عارفانہ اور تاریخی فقرہ کے بارے میں حضرت مصلح موعود نے اپنی شہرہ آفاق تفسیر کبیر میں یوں ذکر فرمایا ہے۔

''حضرت نظام الدین اولیاء جو دلی کے ایک بہت بڑے بزرگ گزرے ہیں ان کے زمانہ کا بھی ایک بادشاہ غیاث الدین تغلق ان کا مخالف ہوگیا۔ وہ اس وقت بنگال کی طرف کسی جنگ پر جارہا تھا اس نے کہا کہ جب میں واپس آؤں گا تو انہیں سزا دوں گا۔ ان کے مریدوں نے یہ بات سنی تو گھبرائے اور انہوں نے شاہ صاحب سے آکر کہا کہ حضور جو لوگ شاہی دربار میں رسوخ رکھتے ہیں اگر ان کے ذریعے بادشاہ کے پاس سفارش ہوجائے تو بہتر ہوگا۔ آپ نے فرمایا ''ہنوز دلی دور است''۔

جب بادشاہ مہم سے کامیاب واپس لوٹا تو منزل بہ منزل آپ کے مرید ان گھبراہٹ کے عالم میں آپ کے پاس حاضر ہوتے اور آپ انہیں ہنوز دلی دور است کہہ کر تسلی دیتے۔

حضرت مصلح موعود مزید رقم فرماتے ہیں۔ آخر ایک دن پتہ لگا کہ بادشاہ کی فوجیں فصیل سے باہر ٹھہر گئی ہیں۔ ان کے مرید یہ خبر سن کر آپ کے پاس آئے اور کہا حضور اب تو وہ دلی کی فصیلوں تک آپہنچا ہے۔ آپ نے فرمایا ہنوز دلی دور است۔ ابھی تو فصیل کے باہر ہے اندر تو داخل نہیں ہوا کہ ہمیں گھبراہٹ ہو۔ اسی رات ولی عہد نے فتح کی خوشی میں ایک بہت بڑی دعوت کی اور شاہانہ جشن منایا۔ ہزاروں لوگ اس دعوت اور رقص و سرور کی محفل میں شریک ہوئے۔ ولی عہد نے اس دعوت کا انتظام ایک بہت بڑے محل کی چھت پر کیا تھا۔ چونکہ چھت پر بہت زیادہ لوگ اکٹھے ہوگئے تھے اس لئے چھت اچانک نیچے آگری اور بادشاہ اور اس کے رفقاء سب دب کر ہلاک ہوگئے۔ صبح جب بادشاہ کی موت کی خبر آئی تو انہوں نے کہا کیا میں نے تمہیں نہیں کہا تھا ہنوز دلی دور است''۔

(تفسیر کبیر جلد ہفتم ص 36)

اس طرح سے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے بندے کو باعزت بچانے کے لئے جلالی و قہاری شان کا مظاہرہ فرمایا اور بادشاہ کو ہلاک کردیا۔

☆......☆......☆......☆

محمد اشرف کاہلوں صاحب

''روزہ'' اور حضرت مسیح موعود کے ارشادات عالیہ

حضرت مسیح موعود نے اپنی تحریرات اور ملفوظات میں دین حق کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی ہدایت اور تلقین فرمائی ہے۔ روزہ کے بارہ میں آپ فرماتے ہیں:۔

''اپنے روزوں کو خدا کے لئے صدق کے ساتھ پورے کرو''۔ (کشتی نوح ص22)

روزے جس ماہ مبارک میں آتے ہیں وہ دینی کیلنڈر کا مہینہ رمضان ہے۔ ماہ رمضان کی عظمت اور اس کے روحانی اثرات کی بابت حضرت اقدس مسیح موعود بیان فرماتے ہے:۔

''......(بقرہ:186) سے ماہ رمضان کی عظمت معلوم ہوتی ہے۔ صوفیاء نے لکھا ہے کہ یہ ماہ تنویر قلب کے لئے عمدہ مہینہ ہے۔ کثرت سے اس میں مکاشفات ہوتے ہیں۔ صلوٰۃ تزکیہ نفس کرتی ہے اور صوم تجلی قلب کرتا ہے۔ تزکیہ نفس یہ ہے کہ نفس امارہ کی شہوات سے بعد حاصل ہو جائے اور تجلی قلب سے مراد یہ ہے کہ کشف کا دروازہ اس پر کھلے کہ خدا کو دیکھ لے۔ پس انزل فیہ القرآن (بقرہ:186) میں بھی اشارہ ہے۔ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ روزہ کا اجر عظیم ہے۔ لیکن امراض اور اغراض اس نعمت سے انسان کو محروم رکھتے ہیں......'' (ملفوظات جلد دوم ص561)

روزہ مجاہدات میں سے ہے۔ روزہ ایک مجاہدہ ہے جو عبادات بدنی میں سے ایک ہے۔ اس کی پابندی کرنا فرائض میں سے ہے۔ ارشاد حضرت مسیح موعود ہے۔ ''خدا تعالیٰ نے دین حق میں پانچ مجاہدات مقرر فرمائے ہیں۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ، صدقات، حج ...... (-)۔ یہ پانچ مجاہدے قرآن شریف سے ثابت ہیں۔ (-) کو چاہئے کہ ان میں کوشش کریں اور ان کی پابندی کریں۔ یہ روزے تو سال میں ایک ماہ کے ہیں۔ بعض اہل اللہ تو نوافل کے طور پر اکثر روزے رکھتے ہیں اور ان میں مجاہدہ کرتے ہیں۔ ہاں دائمی روزے رکھنا منع ہے......'' (ملفوظات جلد پنجم ص322)

مجاہدہ کی اصل غرض تزکیہ نفس اور تجلی قلب ہے۔ چونکہ روزہ ایک مجاہدہ ہے۔ جو جسمانی اور روحانی اغراض کو پورا کرتا ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود روزہ کی فلاسفی کے ضمن میں فرماتے ہیں:۔

''......روزہ کی حقیقت سے بھی لوگ ناواقف ہیں۔ اصل یہ ہے کہ جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے۔ روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے۔ بلکہ اس کی حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے۔ اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کا منشا اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزہ دار کو یہ مدنظر رکھنا چاہئے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں ہے کہ بھوکا رہے بلکہ اسے چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تاکہ تبتل اور انقطاع حاصل ہو۔ پس روزے سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے۔ دوسری روٹی کو حاصل کرے جو روح کی تسلی اور سیری کا باعث ہے اور جو لوگ محض خدا کے لئے روزے رکھتے ہیں اور نرے رسم کے طور پر نہیں رکھتے۔ انہیں چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تہلیل میں لگے رہیں جس سے دوسری غذا انہیں مل جاوے''۔ (ملفوظات جلد پنجم ص102)

''روزہ اور نماز ہر دو عبادتیں ہیں۔ روزے کا زور جسم پر ہے اور نماز کا زور روح پر ہے۔ نماز سے ایک سوز و گداز پیدا ہوتا ہے۔ اس واسطے وہ افضل ہے۔ روزے سے کشوف پیدا ہوتے ہیں۔ مگر یہ کیفیت بعض دفعہ جوگیوں میں بھی پیدا ہوسکتی ہے۔ لیکن روحانی گدازش جو دعاؤں سے پیدا ہوتی ہے۔ اس میں کوئی شامل نہیں''۔ (ملفوظات جلد چہارم ص292)

حضرت مسیح موعود فدیہ کی فلاسفی کا یوں ذکر فرماتے ہیں:۔

''ایک دفعہ میرے دل میں خیال آیا کہ فدیہ کس لئے مقرر کیا گیا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ توفیق کے واسطے ہے۔ تاکہ روزہ کی توفیق اس سے حاصل ہو۔ خدا تعالیٰ ہی کی ذات ہے جو توفیق عطا کرتی ہے اور ہر شئے خدا تعالیٰ سے ہی طلب کرنی چاہئے۔ خدا تعالیٰ تو قادر مطلق ہے وہ اگر چاہے تو ایک مدقوق کو بھی روزہ کی طاقت عطا کرسکتا ہے۔ تو فدیہ سے یہی مقصود ہے کہ وہ طاقت حاصل ہو جائے اور یہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہوتا ہے۔ پس میرے نزدیک خوب ہے کہ (انسان) دعا کرے کہ الٰہی! یہ تیرا ایک مبارک مہینہ ہے اور میں اس سے محروم رہا جاتا ہوں اور کیا معلوم کہ آئندہ سال زندہ رہوں یا نہ، یا ان فوت شدہ روزوں کو ادا کرسکوں یا نہ اور اس سے توفیق طلب کرے تو مجھے یقین ہے کہ ایسے دل کو خدا تعالیٰ طاقت بخشے گا''۔

(ملفوظات جلد دوم ص563)

